© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**تذکارِ صالحات**، طالب ہاشمی۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز، اُردو بازار لاہور۔ صفحات: ۲۹۶۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔

جناب طالب ہاشمی کا شمار معاصر دینی ادب کے معروف مصنفین میں ہوتا ہے--- انھوں نے تاریخ اسلام کے مختلف شعبوں، خصوصاً اسلامی اور دینی و مذہبی شخصیات پر ۵۰ سے زائد نہایت وقیع تصانیف و تالیفات شائع کی ہیں۔ وہ تاریخ اسلام پر گہری نظر کے ساتھ، بنیادی مصادر سے براہِ راست اخذ و اکتساب کا سلیقہ رکھتے ہیں اور زبان و بیان پر بھی انھیں پوری دسترس اور قدرت حاصل ہے۔ انھوں نے اپنی تحریروں میں نبی آخرالزماںؐ، خلفاے راشدینؓ، صحابہ کرامؓ، ائمہ عظام، صلحاے اُمت، اربابِ سیف و قلم اور دیگر مشاہیرِ تاریخ اسلام کے تذکروں سے ایک خوب صورت کہکشاں مرتب کی ہے۔

زیرنظر کتاب ۱۲ برگزیدہ خواتین (حضرت حواؑ، حضرت سارہؑ، حضرت ہاجرہؑ، حضرت مریمؑ وغیرہ)، ۱۰۰ سے زائد صحابیات، چند تابعیات اور قریبی زمانے کی چند صالحات (والدہ علامہ اقبال، والدہ سید مودودیؒ، والدہ میاں طفیل محمدؒ، والدہ حکیم محمد سعید وغیرہ) کے تذکرے پر مشتمل ہے۔

مصنف نے یہ تذکرہ نہایت محنت و جاں فشانی اور تحقیق و تدقیق کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ مستند مآخذ (زیادہ تر قرآن و حدیث اور مسلّمہ اربابِ سیر و مورخین) کو ترجیح دی ہے۔ اس طرح بیسیوں صالحات کے مفصّل حالات، صحت و جامعیت کے ساتھ سامنے آگئے ہیں جنھیں پڑھتے ہوئے اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے خوش بیاں واعظین نے اسرائیلیات کے زیراثر ان نفوسِ قدسیہ کے حالات میں بہت کچھ رطب و یابس شامل کردیا ہے۔ مصنفِ محترم نے حسبِ ضرورت مفید و معلومات افزا حواشی کا اضافہ بھی کیا ہے۔ آخر میں شامل کتابیات، مصنف کی علمیت پر دال ہے۔

© rasailojaraid.com